اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

مفتشہ کے لیے نکات

﴿1﴾ دورانِ تفتیش اپنے پاس مَدَنی پیڈ و قلم رکھا جائے تاکہ تعلیمی، اخلاقی اور تنظیمی حوالے سے کمزوری نظر آئے اُس کو تحریر کیا جاسکے اور اسے حل بھی کیا جاسکے۔

﴿2﴾ مُدَرِّسہ کی کمزوری پڑھنے والی اسلامی بہنوں کے سامنے نہ بتائی جائے۔

﴿3﴾ تفتیش کرتے وقت اپنی آواز بالکل صاف اور واضح رکھنے کی کوشش کی جائے۔

﴿4﴾ تفتیش غیر جانبداری سے لیا جائے۔

﴿5﴾ تمام پڑھنے والی اسلامی بہنوں کو دورانِ تفتیش یکساں وقت دیا جائے۔

﴿6﴾ مفتشہ کے سخت لہجے کی وجہ سے پڑھنے والی اسلامی بہنیں گھبرا سکتی ہیں، لہٰذا نرم لہجہ اِختیار کیا جائے۔

﴿7﴾ پڑھنے والی اسلامی بہن سے جو پہلا سُوال پوچھا جائے وہ آسان پوچھا جائے تاکہ پڑھنے والی اسلامی بہن کا اعتماد بحال ہو اور وہ با آسانی جواب دے سکیں۔ اگر اِس کے باوجود بھی کوئی اسلامی بہن گھبرائے تو پھر چند اسلامی بہنوں کا سُننے کے بعد اُن سے سُنا جائے۔

﴿8﴾ کسی بھی اسلامی بہن کو نہ ٹوکیں نہ ڈانٹ کر اُس کی دِل شِکنی کی جائے۔

﴿9﴾ جو اسلامی بہن صحیح جواب دے تو "سُبْحان اللہ" کہہ کر حوصلہ افزائی کی جائے۔

﴿10﴾ دورانِ تفتیش مکمل توجُّہ سُننے پر رکھی جائے۔

﴿11﴾ تفتیش کے وقت حروف قریب الصوت، حروف مستعلیہ اور صفیریہ اور حدر پر خاص خیال رکھا جائے۔

﴿12﴾ دوران تفتیش اگر کہیں کمزوری آئے تو فوراً غلطی بتانے کے بجائے انھیں توجہ دلائی جائے کہ وہ اپنی غلطی خود درست کرے اگر وہ درست نہ کر سکی تو اس غلطی پر اصلاح کر دی جائے۔

﴿13﴾ تفتیش کے دوران آنے والی اغلاط کو تفتیشی فارم پر لازمی طور پر تحریر کیا جائے تاکہ مدرسہ بعد میں ان اسلامی بہن کو اس کی مزید مشق کروائیں۔

﴿14﴾ تفتیش کے بعد مفتشہ اسلامی بہنوں کو ہفتہ وار رسائل پڑھنے اور سنتوں بھرے اجتماعات میں شرکت کی ترغیب دلائے۔

﴿15﴾ کامیاب طالبات کو گھر مدرسہ بالغات پڑھانے کا بھی ذہن دیں۔

﴿16﴾ مفتشہ اسلامی بہن تفتیش کرنے سے پہلے اسلامی بہنوں کو تفتیش کی اہمیت اور افادیت سے روشناس کرے تاکہ اس میں مزید شوق پیدا ہو۔